میت کے لیے ایک کامل اور جامع دعا
جو نمازِ جنازہ میں پڑھ سکتے ہیں

تدوین کردہ: انجینئر توصیف قادر

❖ اگر میت عورت ہو تو "لَهُ" کو "لَهَا" میں تبدیل کریں۔

اللَّهُمَّ إِنَّ عَبْدَكَ فِي ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ،

اے اللہ! تیرا بندہ تیری پناہ اور حفاظت میں ہے،

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، وَارْحَمْهُ، وَاعْفُ عَنْهُ، وَعَافِهِ،

اے اللہ! اس کی مغفرت فرما، اس پر رحم کر، اسے معاف کر دے اور اسے عافیت عطا فرما،

وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ، وَوَسِّعْ مَدْخَلَهُ،

اور اس کے ٹھکانے کو عزت والا بنا، اس کی قبر کو کشادہ کر دے،

وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ،

اور اس (کے گناہوں) کو پانی، برف اور اولوں سے دھو دے،

وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ،

اور اسے گناہوں سے اس طرح صاف فرما جس طرح سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے،

وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ، وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ،

اور اسے اس کے گھر سے بہتر گھر عطا فرما، اور اس کے گھر والوں سے بہتر گھر والے عطا فرما،

وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَأَعِذْهُ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ۔

اور اسے جنت میں داخل فرما، اور اسے قبر کے فتنہ، قبر کے عذاب، اور جہنم کے عذاب سے بچا۔

❖ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّينَ، وَاخْلُفْهُ فِي عَقِبِهِ فِي الْغَابِرِينَ،

اے اللہ! اس کی مغفرت فرما، اس کا درجہ نیک لوگوں میں بلند فرما، اور اس کے بعد آنے والوں میں اس کا جانشین بنا،

اللَّهُمَّ اجْعَلْ قَبْرَهُ رَوْضَةً مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَافْسَحْ لَهُ، وَنَوِّرْ لَهُ، وَلَا تَجْعَلْهُ حُفْرَةً مِنْ حُفَرِ النَّارِ،

اے اللہ! اس کی قبر کو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بنا دے، اور اس کے لیے قبر کو کشادہ فرما، اور اس میں روشنی عطا فرما، اور اسے جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا نہ بنا،

وَاجْمَعْنَا بِهِ فِي دَارِ كَرَامَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ،

اور ہمیں اس کے ساتھ اپنے کرم والے گھر میں جمع فرما، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے،

وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ۔

اور اے رب العالمین! ہمیں اور اسے معاف فرما، بے شک تو ہی بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔